نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت پنجاب غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور31اکتوبر2022:(   ) ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں ڈائس (Dise) کے تعاون سے تیسرے ایک روزہ "ایگریکلچر اینڈ فوڈ سائنسز انوویشن ایونٹ" کا انعقاد کیا گیا۔اس تقریب کا افتتاح اور صدارت وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کی۔اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند خوراک کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے زراعت اور فوڈ سائنسز میں جدت وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹیاں تحقیق کا انجن ہوتی ہیں۔طلباء کو کاروبار کے نئے اور جدید طریقوں کے فروغ کے لیے ایسی سرگرمیاں ناگزیر ہیں۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی نے طلبا کے اندر کاروباری صلاحیتوں کے فروغ کے لئے ایک سازگار ماحول فراہم کیا ہے تا کہ طلباء کو مطلوبہ مہارتوں سے آراستہ کیا جا سکے۔جس سے زراعت اور خوراک سے وابستہ کاروبار کو فروغ دیا جا سکے۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ڈاکٹر فیصل ظہور نے کہا کہ حکومت مربوط کوششوں کے ذریعے ملک میں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت موسمیاتی تبدیلی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے کسانوں میں بیداری پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ ٹیکنالوجی مہیا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ڈی جی زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم بٹر نے کہا کہ محکمہ زراعت نے گندم کی کاشت کا اپنا ہدف حاصل کر لیا جائے گا۔ڈی جی ریسرچ پنجاب نواز خان میکن نے کہا کہ ایگریکلچر ریسرچ ونگ فصلوں کی نئی اقسام تیار کرنے کے لئے کام کر رہا ہے جو کہ زراعت کے فروغ کے لیے بہت ضروری ہے۔سی ای او ڈائس ڈاکٹر خورشید قریشی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات پورا کرنا ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ان مقابلہ جات میں 30 سے زائد یونیورسٹیوں کے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبران نے 90 سے زیادہ جدید کاروباری آئیڈیاز پیش کیے۔ڈائس میں مختلف صنعتوں اور کاروباری اداروں کے تقریباً 20 سے زائد اسٹالز لگائے گئے۔اس تقریب میں وائس چانسلر بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر منصور اکبر کنڈی سمیت دیگر فیکلٹی و سٹاف طلباء اور فیملیز کی بڑی تعداد نے سٹالز کا دورہ کیا۔بہترین کاروباری آئیڈیاز کو انعامی رقم سے نوازا گیا تا کہ عوام کی بہتری کے لیے وہ اپنے کاروبار کو مزید بڑھا سکیں۔

☆☆☆☆